SMITTSKYDDSBLAD

Patientinformation

**Tuberkulos**

Översättning till urdu

Version 2022-04-11

# تپ دق، مریض کی لئے معلومات

**انفیکشن کنٹرول ڈاکٹروں کی انفیکشن کنٹرول شیٹس.**

**آپ کو یہ معلومات کیوں مل رہی ہیں؟**

آپ کو تپ دق کی بیماری لاحق ہے یا اس کا شبہ ہے اور آپ کو علاج کی ضرورت ہے۔ یہ کتابچہ تپ دق کے بارے میں معلومات پر مشتمل ہے، اور یہ کہ بیماری کا علاج کیسے کریں اور آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**تپ دق کیا ہے؟**

تپ دق (جسے ٹی بی سی یا ٹی بی بھی کہا جاتا ہے) ایک متعدی بیماری ہے جو ایک بیکٹیریم، *مائکوبیکٹیریم تپ دق* کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ اکثر پھیپھڑوں کے انفلامیشن کا سبب بنتا ہے، لیکن اس سے جسم کے دیگر حصے، جیسے لمف نوڈس، پھیپھڑوں کی تھیلی، کنکال، دماغ یا گردے بھی متاثر ہو سکتے ہیں. بیماری کی علامات اکثر انفیکشن کے طویل عرصے (مہینوں یا سالوں) بعد ظاہر ہوتی ہیں. چھوٹے بچوں یا کمزور مدافعتی نظام والے لوگوں میں، بیماری زیادہ تیزی سے نشوونما پا سکتی ہے اور بعض اوقات بہت سنگین ہو جاتی ہے.

**تپ دق کیسے منتقل ہوتا ہے؟**

یہ بیماری پھیپھڑوں میں تپ دق کے شکار لوگوں سے پھیلتی ہے. یہ بیکٹیریا بند ہوا کے ذریعے سے پھیل سکتے ہیں، جب آپ کھانستے ہیں اور دوسرا شخص بیکٹیریا کے چھوٹے قطروں کو سانس کے ذریعہ سے جسم میں داخل کرتا ہے. تپ دق بنیادی طور پر مریض کے ساتھ قریبی اور طویل رابطے کے ذریعے پھیلتا ہے. لہذا، ایک ہی گھر کے لوگ عام طور پر انفیکشن کا شکار ہوتے ہیں. والدین اپنے بچوں کو متاثر کر سکتے ہیں، اور یہاں تک کہ قریبی دوست بھی متاثر ہو سکتے ہیں. قلیل مدتی رابطوں یا عارضی ملاقاتوں، مثال کے طور پر کام کی جگہ یا اسکول میں کسی کو یہ انفیکشن ہونا، کم عام بات ہے.

**اپ کو کیسے معلوم ہوگا کہ اپ کو تپ دق ہے؟**

اس مرض کے عام تکالیف وزن میں کمی، کھانسی 3 ہفتوں سے زیادہ، رات کو پسینہ آنا اور بخار ہیں. تکلیف کی نوعیت کا انحصار اس بات پر ہے کہ تپ دق کے جراثیم جسم میں کہاں موجود ہیں. دیگر تکالیف سوجن (غدود کی تپ دق) یا درد (کنکال یا پیٹ کی تپ دق) ہو سکتے ہیں. تپ دق کی علامات ہر شخص میں مختلف ہو سکتی ہیں، یہ اس پر منحصر ہے کہ آپ کتنے عرصے سے بیمار ہیں - تقریباً کوئی علامات نہ ہونے سے لے کر بہت سنگین بیماری تک.

**تپ دق کتنا متعدی ہے؟**

پھیپھڑوں کی تپ دق کے شکار افراد، جہاں بیکٹریا کو Expectoration ٹیسٹ میں پایا جا سکتا ہے، علاج شروع کرنے سے پہلے انتہائی متعدی ہو سکتا ہے. علاج کے پہلے ہفتوں کے دوران انفیکشن تیزی سے کم ہوجاتا ہے. تپ دق جن لوگوں کے پھیپھڑوں سے باہر ہے وہ متعدی نہیں ہوتے. تپ دق کے شکار چھوٹے بچے تقریباً کبھی بھی کسی اور کو متاثر نہیں کرسکتے. تپ دق کپڑوں یا دیگر چیزوں کے ذریعے منتقل نہیں ہوتا. یہ بیماری باہر کے فضا میں شاذ و نادر ہی پھیلتی ہے.

**کیا تپ دق ایک خطرناک بیماری ہے؟**

اگر تپ دق کا علاج نہ کیا جائے تو یہ بیکٹیریا پھیل کر دوسرے اعضاء پر حملہ کر سکتا ہے. اگر تپ دق کا علاج نہ کیا جائے تو یہ مرض انسان کو سنگین چوٹیں پہنچا سکتی ہے اور بعض اوقات جان لیوا بھی ہو سکتاہے. چھوٹے بچوں اور کمزور مدافعتی نظام والے افراد کو تپ دق سے شدید بیمار ہونے کا خاصا زیادہ خطرہ ہوتا ہے.

**تپ دق کا علاج کیسے ہوتا ہے؟**

تپ دق کا علاج ایسی دوائیوں سے کیا جاتا ہے جو اس بیماری کا سبب بننے والے بیکٹیریا کو مار دیتے ہیں. یہ علاج طویل مدت کے لئے ہوتا ہے اور کئی مہینوں تک جاری رہتا ہے. اپنے ڈاکٹر کی طرف سے دیے گئے علاج پر عمل کرنا بہت ضروری ہے. جب پیٹ خالی ہو (اکثر ناشتے سے ایک گھنٹہ پہلے) کچھ دوائیں ضرور لینی چاہئیں. یہ بھی ضروری ہے کہ علاج میں کوئی بھی گولی نہ چھوڑی جائے. اپنے ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کریں. اگر علاج باقاعدگی سے نہیں کیا جائے، تو بیکٹیریا مزاحم بن سکتے ہیں اور اس طرح بیماری کا علاج کرنا مشکل ہو جاتا ہے. جیسا کہ فالو اپ کیئر وزٹ فری ہے، اسی طرح تپ دق کی دوائیں بھی مفت ہیں.

**انفیکشن ٹریسنگ - اس کا کیا مطلب ہے؟**

ایسے لوگوں کو تلاش کرنا بہت ضروری ہے جن کو تپ دق ہے تاکہ ایک تو یہ کہ مذکورہ شخص کا علاج کیا جائے تاکہ مضر اثرات سے بچ سکے (اوپر دیکھیں) اور دوسرا یہ کہ انفیکشن دوسروں تک نہ پھیلے. آپ جن کو تپ دق ہے یہ بتانا ہوگا کہ آپ کس کے قریب رہے ہیں یا ان سے ملے ہیں اور آپ کو کس سے انفیکشن ہوا ہے، یا آپ کو کس نے متاثر کیا ہے. ایک شخص اس بیماری سے متاثر ہوسکتا ہے لیکن اس کا بیمار ہونا ضروری نہیں ہے۔

**تپ دق بیماریوں کے ایکٹ کا حصہ ہے - اس کا کیا مطلب ہے؟**

جب آپ کو تپ دق ہو، تو آپ کو اتنی احتیاط کے ساتھ رہنا چاہیے تاکہ آپ کسی اور اس مرض میں مبتلا نہ کریں.
آپ جن کو تپ دق ہے، یا اس کا شبہ ہے، تو اپ کو چاہئے کہ اپنے ڈاکٹر سے ملنے والے طرز عمل کے اصولوں پر عمل کریں:

- آپ جو متعدی تپ دق کا شکار ہیں،
  - ایک مدت کے لئے ہسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے
  - کام، اسکول یا تفریحی سرگرمیوں پر نہ جائیں جب تک کہ علاج آپ کو انفیکشن سے پاک نہ کردے اور آپ کا ڈاکٹر اپ سے کہے کہ اب آپ دوسرے لوگوں کو متاثر نہیں کر سکتے.
- اگر آپ سے اپ کا ڈاکٹر کہے تو اپ کو دوبارہ چیک اپ کے لئے انا ہوگا.
- اگر آپ ایک جگہ سے دوسرے جگہ شفٹ ہوتے ہیں تو آپ کو اپنے ڈاکٹر کو بتانا چاہیے.
- اپ کو انفیکشن ٹریسنگ کے ساتھ مدد کرنے چاہئے.

اگر آپ کو کوئی ایسا ضابطہ اخلاق موصول ہوا ہے جسے آپ غلط سمجھتے ہیں، تو آپ اپنے علاقے میں انفیکشن کنٹرول ڈاکٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں.

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

تپ دق کے بارے میں مزید معلومات یہاں پر مل سکتی ہیں۔

www.1177.se

www.folkhalsomyndigheten.se

**رابطے کی معلومات (Kontaktuppgifter)**

استقبالیہ کا نام *(Namn på mottagningen)*

……………………………………………………………………………

ان سے آپ کی ملاقات ہوئی ہے *(Du har träffat)*

ڈاکٹر *(Läkare)*………………………………….

نرس *(Sjuksköterska)*………………………………………………………………..

ٹیلی فون نمبر / استقبالیہ کے لیے ٹیلی فون کا وقت *(Telefonnummer/telefontid till mottagningen)*

……………………………………..…………………………………………